اَلَّذِیۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ

جس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا

(سورۃ العلق آیت 4)

حصولِ علم مبارک

عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ یَعۡلَمۡ

انسان کو وہ سکھایا جسے وہ نہیں جانتا تھا

(سورۃ العلق آیت 5)

ارشادِ باری تعالیٰ

جو لوگ ایمان لائے اور
جنہیں علم دیا گیا اللہ تعالیٰ
ان کے درجات بلند کرے گا

(سورۃ المجادلہ آیت 11)

فرمان نبی کریم ﷺ

جو شخص تلاش علم میں کوئی راستہ
اختیار کرے گا تو اللہ تعالیٰ
اس کے لئے جنت کا راستہ
آسان کردے گا

(مسلم)

اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا
عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ
مَا یَنْفَعُنِیْ وَ زِدْنِیْ عِلْمًا

اے اللہ مجھ کو فائدہ دے اس علم سے جو
تونے مجھے سکھایا اور سکھا دے مجھے وہ علم
جو فائدہ دے مجھ کو اور زیادہ کر علم میرا
آمین

(سنن ابن ماجہ)

اَللّٰھُمَّ أَغْنِنِیْ بِالْعِلْمِ
وَزَیِّنِّیْ بِالْحِلْمِ وَاَکْرِمْنِیْ بِالتَّقْوٰی
وَجَمِّلْنِیْ بِالْعَافِیَۃِ

اے اللہ مجھے علم سے مالا مال،
بردباری سے مزین، تقویٰ سے سربلند
اورعافیت سے جمال عطا فرمائیے
آمین

(حصن حصین)

عزیز من ....

آپ پر ربِّ ذوالجلال کی ہزاروں رحمتیں و برکتیں نازل ہوں۔
"اور علم کے راستے پر کامیابی کی منزل طے کرنا مبارک ہو"۔
علم کی طلب، شوق اور جستجو کی اہمیت اس بات سے واضح ہوتی ہے کہ معلّمِ انسانیت نبی اکرم ﷺ کو خود ربّ العالمین نے یہ دعا سکھائی۔

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ۝

اے میرے ربّ میرے علم میں اضافہ کر (طٰہٰ آیت 114)

دعا ہے اللہ عزوجل آپ کو مزید علم حاصل کرنے کا شوق عطا فرمائے۔ ایسا نافع علم حاصل کرنے کا شوق دے جو قرآن و سنت کی روشنی میں دنیا میں عمل اور آخرت میں حقیقی کامیابی کی راہ آسان کردے۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپکو علم آگے بڑھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

دعا گو ....

اسلام ان تمام علوم کو سیکھنے کی ترغیب دیتا ہے جو نسلِ انسانیت کو نفع پہنچائیں، البتہ ایسے علوم سیکھنے کی حوصلہ شکنی کرتا ہے جو انسانوں کو نقصان پہنچائیں

اِک مسلم کا نصب العین احیائے اسلام ہے
جسے وہ علم و عمل کے راستے پر چل کر حاصل کر سکتا ہے

تیز تر گامزن منزل مادور نیست
دوڑو کہ ہماری منزل دور نہیں

احترام کیجئے پیغمبری صفحات

کیمپس -I دارالخیر 76-A ٹیپو سلطان روڈ، کراچی
فون: 34541144 فیکس : 34543443 موبائل: 0300-9203810
ای میل: quraninstitute@hotmail.com
ویب سائٹ: www.quraaninstitute.org

قرآن انسٹی ٹیوٹ برائے خواتین